13-03-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ عمارت وشوارع کے ریاستی وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی، کرناٹک کے اپنے ہم منصب سے ملاقات کریں گے اور تلنگانہ کو پانی کی سربراہی کا مطالبہ کریں گے۔

☆ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ ہندوستان آنے والے دنوں میں الیکٹرانکس اور آئی ٹی کے شعبہ میں اپنے دبدبہ میں اضافہ کرے گا۔انہوں نے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف الیکٹرانکس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی سنٹر کا افتتاح کیا۔

☆ اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر انوراگ ٹھاکر نے آج نئی دہلی میں آکاش وانی نیوز اور ڈی ڈی نیوز کی تبدیل شدہ ویب سائٹس جاری کی۔

☆ تلنگانہ میں گاڑیوں کے رجسٹریشن نمبر پلیٹ پر اب ٹی ایس کے بجائے ٹی جی کوڈ لکھا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

ریونیو کے مرکزی سکریٹری سنجے ملہوترا نے آج حیدرآباد میں واقع ہائی ٹیک سٹی میں جی ایس ٹی بھون اور سی جی ایس ٹی وحیدرآباد زون کے عہدیداروں کے رہائشی کوارٹرس کا ورچول ذریعہ سے سنگ بنیاد رکھا۔اس پراجکٹ میں ایک آفس ٹاور اور ایک رہائشی ٹاور ہوگا۔اس نئے جی ایس ٹی بھون میں حیدرآباد کے بیشتر سی جی ایس ٹی دفاتر ہوں گے جیسا کہ یہ دفاتر اس وقت کرایہ کی عمارتوں میں قائم ہیں۔جی ایس ٹی بھون میں تقریباً پندرہ سو عہدیداروں اور عملہ کی گنجائش رہے گی۔رہائشی عمارت میں 21 اپارٹمنٹس ہوں گے جسے 645 کروڑ روپے کی تخمینی لاگت سے تعمیر کیا جائے گا۔اس موقع پر سی بی آئی سی کے ارکان، چیف کمشنر سی جی ایس ٹی اور کسٹم، ڈائرکٹر جنرل ایچ آر ڈی، سی بی آئی سی اور دیگر سینئر عہدیدار بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

سیاحت کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے آج سکندرآباد میں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف الیکٹرانکس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی (NIELIT) سنٹر کا ورچول طریقہ سے افتتاح کیا۔اس موقع پر کشن ریڈی نے کہا کہ ہندوستان آنے والے دنوں میں الیکٹرانکس اور آئی ٹی کے شعبہ میں اپنے دبدبے میں اضافہ کرے گا۔ان کے مطابق حیدرآباد میں واقع اس مرکز سے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کو بہتر بنانے اور عالمی معیار کے مطابق صلاحیتوں کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔کشن ریڈی نے مزید کہا کہ سکندرآباد اور تروپتی میں منظوری کے ایک ماہ کے اندر ان مراکز کو قائم کیا گیا جس سے اس بات کا اظہار ہوتا ہے کہ مرکزی حکومت نوجوانوں کو بہتر مواقع فراہم کرنے کیلئے کس قدر اقدامات کررہی ہے۔

☆☆☆☆☆

نیشنل ہائی ویز اتھارٹی آف انڈیا (NHAI) نے پی ٹی ایم فاسٹیاگ استعمال کرنے والے صارفین کو مشورہ دیا ہے کہ پندرہ مارچ سے قبل کسی اور بینک کے فاسٹیاگ کو اپنالیں۔عمارت وشوارع اور شاہراؤں کی مرکزی وزارت نے کہا ہے کہ اس سے عوام کو قومی شاہراؤں پر سفر کرنے کے دوران دوہری فیس عائد کرنے یا کسی طرح کے جرمانے کو نظرانداز کرنے میں مدد ملے گی۔ریزروبینک آف انڈیا نے حال ہی میں گائیڈ لائنس جاری کی ہیں جن کے تحت پی ٹی ایم پیمنٹ بینک پر پابندی عائد کی گئی ہے جن کے تحت پی ٹی ایم فاسٹیاگ کے صارفین اس ماہ کی پندرہ تاریخ کے بعد سے نہ ہی ری چارج کراسکتے ہیں اور نہ ہی پی ٹی ایم بینک میں اپنی رقم رکھ سکتے ہیں تاہم صارفین مذکورہ تاریخ کے گذرنے کے باوجود اپنے موجودہ رقمی بیالنس کے ذریعہ ٹول کی فیس ادا کرسکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

کوئلہ کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے نئی دہلی میں آج کوئلہ کے شعبہ کیلئے پی ایم گتی شکتی نیشنل ماسٹر پلان جاری کیا۔منصوبہ کا مقصد کوئلہ کے شعبہ کے لئے مختلف سہولتیں فراہم کرنا ہے۔اس موقع پر جوشی نے کہا کہ اس اقدام سے مختلف انفراسٹرکچر پراجکٹس کے لئے منصوبہ سازی میں اہم اقدامات کرنے میں مدد ملے گی۔

☆☆☆☆☆

وزارت آیوش کے سکریٹری ودیا راجیش نے آج نئی دہلی میں یوگا مہااتسو 2024 کا افتتاح کیا۔ یہ پروگرام عالمی یوم یوگا کے 100 دن کی تکمیل کیلئے جاری الٹی گنتی کے تحت منعقد کیا جارہا ہے۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال 23 کروڑ سے زائد افراد نے یوم یوگا میں حصہ لیا جبکہ اس سال توقع ہے کہ یہ تعداد تیس کروڑ سے بڑھ جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ میڈیسن کے شعبہ میں بھی یوگا اہم رول ادا کررہا ہے جبکہ یوگا کو نیشنل میڈیکل کمیشن نے ایم بی بی ایس کے نصاب میں بھی شامل کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

آزادی کا امرت مہااتسو کے تحت جیالوجیکل سروے آف انڈیا(GSI) نے کل ضلع جے شنکر بھوپال پلی کے موضع پانڈولا گٹہ میں جی او ہیریٹیج واک کا اہتمام کیا۔اس پروگرام میں ضلع کلکٹر بھاویش مشرا نے بھی شرکت کی اور کہا کہ پانڈولا گٹہ کو مرکز کی جانب سے واحد جی اوثقافتی مرکز کی حیثیت سے نشاندہی کی گئی ہے جو ریاست اور ضلع بھوپال پلی دونوں کے لئے ہی ایک اعزاز ہے۔ ضلع فارسٹ آفیسر وسنتا نے بھی ضلع میں اس طرح کے پروگرام کے انعقاد کو اعزاز قرار دیا۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ اسٹیٹ پبلک سرویس کمیشن نے ڈویژنل اکاؤنٹس آفیسر (ورکس) گریڈ2 اور ہاسٹل ویلفیر آفیسرس کے لئے تحریری امتحان منعقد کرنے کے تحت اعلامیہ جاری کیا ہے۔ یہ امتحانات 581 دستیاب جائیدادوں کے لئے منعقد ہوں گے۔ڈویژنل اکاؤنٹس آفیسر کے لئے تحریری امتحان تیس جون سے شروع ہوگا جبکہ ہاسٹل ویلفیر آفیسر کے امتحان کا آغاز 24 جون سے ہوگا۔دونوں امتحانات CBRT یعنی کمپیوٹر سے متعلق رکروٹمنٹ ٹسٹ پر مبنی ہوں گے۔

☆☆☆☆☆

سرپور کے سابق ایم ایل اے کونیر وکونپا نے آج بھارت راشٹرا سمیتی سے استعفیٰ دیدیا۔انہوں نے مجوزہ پارلیمانی انتخابات کیلئے بھوجن سماج وادی پارٹی سے اتحاد سے متعلق بی آر ایس کے فیصلے کے خلاف یہ قدم اٹھایا ہے۔کونپا نے کہا کہ بی ایس پی سے اتحاد کے فیصلہ سے انہیں انتہائی مایوسی ہوئی ہے کیوں کہ ریاستی بی ایس پی سربراہ پروین کمار نے حالیہ اسمبلی انتخابات کے دوران شخصی طور پر ان کی اور کیڈر کی توہین کی تھی۔کونیر وکونپا نے کل کانگریس پارٹی میں شامل ہونے کا اعلان کیا۔

☆☆☆☆☆

کانگریس لیڈر جابر پٹیل جن کا کل انتقال ہوگیا تھا، آج شاہی مسجد باغ عامہ میں نماز جنازہ ادا کی گئی جس میں سرکاری مشیر محمد علی شبیر، صدرنشین وقف بورڈ عظمت اللہ حسینی ،صدرنشین حج کمیٹی مولانا خسرو پاشاہ، سید شاہ مجاہد حسینی، سید مجتبیٰ عابدی، سید ہاشم علوی، متین شریف، مقصود احمد اور دوسروں نے شرکت کی۔مجتبیٰ عابدی اور یوتھ لیڈر میر سیف علی عابدی نے جابر پٹیل کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ قوم ایک مخلص لیڈر سے محروم ہوگئی ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی حکومت نے ایک سرکاری گزٹ اعلامیہ میں ہر سال 17 ستمبر کو یوم آزادی حیدرآباد منائے جانے کا اعلان کیا ہے۔اس دن نظام کو فوجی ایکشن کے ذریعہ بیدخل کیا گیا تھا۔ یہ اعلامیہ مرکزی وزارت داخلی امور کی جانب سے جاری کیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ حیدرآباد کے یوم انضمام کو منانے کیلئے مختلف تقاریب کا اہتمام کیا جائے گا۔ وزارت داخلہ کے مطابق اس دن کو منائے جانے کا مقصد ان شہیدوں کو خراج پیش کرنا ہے جنہوں نے حیدرآباد کے آزادی میں اہم رول ادا کیا۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ میں اب گاڑیوں کے رجسٹریشن نمبر پلیٹ پر ریاستی کوڈ TS کے بجائے TG لکھا جائے گا۔اس سلسلے میں ایک گزٹ اعلامیہ مرکزی وزارت روڈ ٹرانسپورٹ کی جانب سے جاری کیا گیا ہے۔اس تبدیلی کا مقصد قواعد میں شفافیت اور انہیں ٹھوس بنانا ہے۔اس فیصلہ کا کل سے فوری طور پر نفاذ عمل میں آچکا ہے۔نمبر پلیٹس پر ریاستی کوڈ کی تبدیلی کا فیصلہ کانگریس کی نئی حکومت نے کیا تھا۔

☆☆☆☆☆

اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر انوراگ ٹھاکر نے آج نئی دہلی میں آکاش وانی نیوز اور ڈی ڈی نیوز کی تزئین شدہ ویب سائٹس کا آغاز کیا۔ٹھاکر نے اس کے علاوہ نظر ثانی نیوز آن آیئر ایپ بھی جاری کیا۔اس کے علاوہ انہوں نے پرسار بھارتی شبدھ کو بھی جاری کیا۔اس موقع پر انوراگ ٹھاکر نے کہا کہ بحثیت پبلک براڈ کاسٹرس آکاش وانی اور دور درشن نے برسوں سے خدمات انجام دی ہے اور اپنے نیٹ ورک کے ذریعہ مقامی زبان میں ملک کے ہر کونے تک ان کی رسائی ہے۔ دونوں میڈیا کی جانب سے ہرکسی تک اطلاعات پہنچائی جاتی ہے۔انوراگ ٹھاکر کے مطابق پرسار بھارتی اب ویڈیوز، آڈیو، تصاویر، تحریر وغیرہ کے ذریعہ مختلف زبانوں میں خبر رساں اداروں کو مواد فراہم کرنے کیلئے بھی تیار ہے۔انہوں نے اسے ایک انقلابی اقدام قرار دیا۔اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو نے کہا کہ اخبارات اور نیوز نیٹ ورکس ہمیشہ سے ہی ہمہ جہت رپورٹس پر مبنی رہے ہیں جبکہ پرسار بھارتی شبدھ نے ہمیشہ سے سب کے دل جیتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی جانب سے بروز جمعہ کو ایل بی اسٹیڈیم فتح میں ریاستی حکومت کی دعوت افطار کا انعقاد کیا جائے گا۔ایک پریس ریلیز میں بتایا گیا ہے کہ شام ساڑھے پانچ بجے سے نعت اور قرأت شروع ہوگی اور ساڑھے چھ بجے افطار ہوگا۔ایل بی اسٹیڈیم کے احاطہ میں نماز مغرب کی ادائیگی کیلئے انتظامات کئے جارہے ہیں۔

☆☆☆☆☆

عمارت وشوارع کے ریاستی وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی، کرناٹک کے اپنے ہم منصب سے ملاقات کریں گے اور تلنگانہ کو پانی کی سربراہی کا مطالبہ کریں گے۔وزیر نے پینے کے پانی اور برقی کے مسئلہ پر آج ضلع نلگنڈہ میں ضلع کے عہدیداروں کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی اور کہا کہ آئندہ تین ماہ کیلئے دستیاب پانی کو محدود طریقہ سے استعمال میں لایا جائے۔انہوں نے کہا کہ ضلع میں ٹینکرس کے ذریعہ پانی کی سربراہی میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔

☆☆☆☆☆